ترکیب القرآن

آیات قرآنی

آیات آفاقی

إن الله یرفع بهذا الکتاب اقواما ویضع به آخرین

ے کا پتہ

لکھوی جامعہ محمدیہ اوکاڑہ

جلد ساز جامعہ محمدیہ اوکاڑہ

(104)

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَىٰ قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا

کیا لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے یا ان کے دلوں پہ قفل ہیں!

ترکیب القرآن

پارہ اول

از

حضرت مولینا قدرت اللہ صاحب لکھوی

ملنے کا پتہ

منیر الدین بن قدرت اللہ لکھوی جامعہ محمدیہ اوکاڑہ
محمد یعقوب تاجر کتب، جلد ساز جامعہ محمدیہ اوکاڑہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

ظاہری نظر میں ہم پہاڑ اور سمندر، سورج اور چاند، ہوا اور بارش، زمین اور دانہ میں لاکھوں میل کا فاصلہ دیکھ کر ان کو آپس میں بے تعلق پاتے ہیں مگر مادہ پرست انسان نے غور و خوض سے تحقیقات کر کے سائینس کے ذریعہ معلوم کر لیا ہے کہ سورج ہوا کو گرم کرتا ہے اور ہوا سمندر سے پانی اٹھا کر لاتی ہے اور پہاڑ اس بادل کو روک کر بارش کی شکل میں زمین کے چپہ چپہ پر پہنچاتے ہیں تاکہ مادرِ گیتی اپنی آغوش میں آئے ہوئے حقیر دانہ کی تربیت سے عہدہ برآ ہو سکے۔ قدرتِ الٰہی نے مادی اشیاء کو ایک خاص ترکیب سے اپنے اپنے دور، دراز مقامات پر رکھ کر سب کو اس طرح باہم باندھ رکھا ہے کہ گویا سب اپنی اپنی جگہ اس کائناتی کل کے چھوٹے بڑے پرزے ہیں۔ قرآنِ مجید ان مادی اشیاء کو آفاقی اور کائناتی آیات سے تعبیر کرتا ہے اس کی زبان میں سورج اور چاند، پہاڑ اور سمندر، زمین اور ہوا سب آیات ہیں۔ آیاتِ قرآنی بھی آفاقی اور کائناتی آیات سورج، زمین وغیرہ کی طرح ہم کو ایک دوسری سے مقامی طور پر بظاہر دور کیوں نہ معلوم ہوں لیکن حقیقتاً وہ بھی ایک ہی زنجیر کی مضبوط کڑیاں ہیں۔ غور و فکر سے ان کی باہمی ترکیب نظر آجاتی ہے مگر افسوس انسان کائناتی آیات یعنی مادیات کے رنگ و بو میں کچھ ایسا الجھ گیا کہ ظالم نے اپنے آپ کو ایٹمی موت کے منہ میں دے کر لو ہے اور

لکڑی کو زندہ کر کے آسمان پر اُڑا دیا ہے اور قرآنی آیات کی ترکیب و تدبیر سے پوری بے نیازی اختیار کر لی ہے یہ "ترکیبُ القرآن" آپ کو قرآنی آیات کے نہ صرف الفاظ اور جملوں کا باہمی تعلق بتائے گی بلکہ انشاء اللہ صحیح ترکیب کے ذریعے آپ میں ذوقِ قرآن فہمی اور تدبّر فی القرآن کا درست ملکہ پیدا کر کے روحانی زندگی عطا کرے گی۔

وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ

(قدرت اللہ غفرلہ لکھوی)

محمد یعقوب پبلشر نے استقلال پریس لاہور میں باہتمام ایم ظہیر الدین پرنٹر چھپوا کر جامعہ محمدیہ اوکاڑہ سے شائع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

ترکیب القرآن پارہ اول کا انتساب اُن مایوس طلبہ کے نام ہے جو حضرت مولانا عطاء اللہ صاحب مرحوم لکھوی اُستاذ نحو کی وفات کے بعد براہِ راست اُن کے اِستفادہ سے محروم ہیں اِنشاء اللہ یہ ترکیب ان شائقین کی قرآن فہمی کی تشنگی بڑی حد تک دور کرے گی کیونکہ یہ ترکیب نہ صرف حضرتِ موصوف کی تنقیدانہ نظرِ بلیغ سے گذری ہے بلکہ اکثر مُشکل مقامات پر خود بعینہٖ ان کے اپنے الفاظ ہی معرضِ تحریر میں آکر زینتِ ترکیب ہیں یہ محض اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس عاجز کو بروقت مولانا مرحوم کے اِنتقال سے چندماہ قبل اِس امر کا اِحساس ہوا کہ حضرت کی صحت روز بروز انحطاط پذیر ہے کیوں نہ ہو کہ جس طرح آپ کی اولاد صالح دنیا میں صُلبی یادگار ہے ٹھیک اِسی طرح خدا تعالیٰ اُن کی علمی یادگار بھی برقرار رکھے باوجود صحت کی خرابی کے موصوف نے اس عاجز کی درخواست کو قبول فرمایا اور بلا مبالغہ ایک ایک جملہ کی ترکیب یوں ملاحظہ فرمائی، گویا کہا جاسکتا ہے کہ یہ ساری ترکیب ان کی اپنی لکھی ہوئی ہے عالم دہا حرت کی گوناگون پریشانوں نے اِس کی طباعت کو اب تک معرضِ اِلتوا میں رکھا ہے الحمد للہ اِس وقت بطورِ الباقیات الصالحات ان کی طرف سے ایک علمی یادگار آپ کے ہاتھ میں ہے۔

(احقر مؤلف)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے

بؔ جار اِسْمِ مضاف لفظ اَللّٰهُ موصوف ہے اَلرَّحْمٰنِ صفت اول ہے اَلرَّحِيْمِ صفت ثانی ہے۔ موصوف اپنی دونوں صفات سے مل کر مضاف الیہ مضاف کا ہے۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے۔ جار اپنے مجرور سے مل کر اَشْرَعُ محذوف کے متعلق ہے۔ اشرع فعل بافاعل ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار عالموں کا بخشش کرنے والا مہربان

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

خداوند دن جزا کا

اَلْحَمْدُ مبتدا ہے لام جار لفظ اللّٰه موصوف ہے لفظ رَبِّ مضاف اور اَلْعَالَمِيْنَ مضاف الیہ ہے۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر لفظ اَللّٰه کی صفت اول ہے۔ اَلرَّحْمٰنِ صفت ثانی ہے۔ اَلرَّحِيْمِ صفت ثالث ہے مٰلِكِ مضاف يوم مضاف الیہ مُضاف ہے۔ اَلدِّيْنِ مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مضاف الیہ مضاف کا ہے۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر صفت رابع لفظ اللہ کی ہے۔ موصوف اپنی چہار صفات

سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ثابت محذوف کے متعلق ہوکر خبر مبتدا (اَلْحَمْدُ) کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملۂ اسمیہ خبریہ یا جملۂ اسمیہ انشائیہ ہے۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

تجھ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ہم

اِیَّاکَ مفعول بہ مقدم ہے۔ نَعْبُدُ فعل با فاعل ہے۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے و حرف عاطفہ ایاک مفعول بہ مقدم ہے۔ نَسْتَعِیْنُ فعل با فاعل ہے۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ مقدم سے مل کر جملۂ فعلیۂ خبریہ ہوکر معطوف ہے۔

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ

دکھا ہم کو راہ سیدھی - راہ ان لوگوں کی

اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ

کہ نعمت کی تو نے اوپر ان کے سوائے انکے جو غصہ کیا گیا ہے اوپر انکے

وَلَا الضَّآلِّیْنَ

اور نہ گمراہوں کی

اِھْدِ فعل با فاعل ہے نَا مفعول اول اور الصِّرَاطَ موصوف ہے الْمُسْتَقِیْمَ صفت ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مُبدل منہ ہے

صِراط مضاف الذین موصول ہے انعمت فعل با فاعل ہے۔ علیٰ جار ھِمْ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر فعل کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے ملکر مبدل منہ ہے۔ غیر مضاف المغضوب صیغہ اسم مفعول ہے۔ علیٰ جار ھِمْ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر المغضوب کے متعلق ہے المغضوب اپنے متعلق سے ملکر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے لا زائد ہے الضالین معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ مضاف (غیر) کا ہے مضاف اپنے مُضاف الیہ سے مل کر بدل الکل (الذین) کا ہے مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مضاف الیہ صراط کا ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر بدل ہے مبدل منہ (الصراط) کردہ اپنے بدل سے مل کر اِھْدِ فعل کا مفعول ثانی ہے فعل اپنے فاعل اور دونو مفعولوں سے مل جملہ فعلیہ انشائیہ ہے (نیز غیر المغضوب علیھم الذین کے بدل کے بجائے صفت بھی ہوسکتی ہے باقی ترکیب بدستور ہے۔

نوٹ۔ یاد رہے کہ غیر جب ضِدَّین کے درمیان واقعہ ہوجائے تو معرفہ بن جاتا ہے۔

نوٹ:۔ اکثر مقامات پرۃ اور ۃ کی بجائے ہ لکھا گیا ہے۔ جسے حسب موقع پڑھا جائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے

الٓمّٓ ۚ ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ ۚۖۛ فِیۡہِ ۚۛ ہُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ

یہ کتاب نہیں شک بیچ اس کے - راہ دکھاتی ہے واسطے پرہیزگاروں کے

الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡغَیۡبِ وَ یُقِیۡمُوۡنَ الصَّلٰوۃَ وَ مِمَّا

وہ جو ایمان لاتے ہیں ساتھ غیب کے اور قائم رکھتے ہیں نماز کو اور اس چیز

رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ۙ وَ الَّذِیۡنَ یُؤۡمِنُوۡنَ بِمَاۤ اُنۡزِلَ

سے کہ دی ہے ہم نے انکو خرچ کرتے ہیں اور جو لوگ کہ ایمان لاتے ہیں ساتھ اس چیز کے

اِلَیۡکَ وَ مَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلِکَ ۚ وَ بِالۡاٰخِرَۃِ ہُمۡ یُوۡقِنُوۡنَ

کہ اتاری گئی ہے طرف تیری اور جو کچھ اتاری گئی ہے پہلے تجھ سے اور ساتھ آخرت کے وہ یقین رکھتے ہیں

الٓمّٓ (۱) توجیہ اول، چونکہ اس کے معنی نامعلوم ہیں۔ اس لئے محلِ اعراب معلوم نہیں۔

(۲) یہ اس سورہ کا نام ہے اس توجیہ کی صورت میں الٓمّٓ مبتدا محذوف ھٰذِہٖ السُّوۡرَۃِ کی خبر ہے۔ ذٰلِکَ موصوف ہے الکتاب صفت ہے موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا ہے لَا نفی جنس ہے رَیۡبَ اس کا اسم ہے فی جار ہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر ثابت کے متعلق ہوکر لا کی خبر ہے لا اپنے اسم اور خبر سے مل کر خبر مبتدا ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ کی ہے

ھُدًی مصدر بمعنیٰ اسم فاعل ہے ل جار المتقین موصوف ہے الذین موصول یؤمنون فعل با فاعل ہے ب جار الغیب مجرور ہے

جار اپنے مجرور سے ملکر فعل کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے یقیمون فعل با فاعل ہے الصلوٰۃ مفعول بہ ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے واو عاطفہ من جار ما موصولہ رزقنا فعل با فاعل ہے ھم مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہے۔ موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر ینفقون فعل کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے (وبالاخرۃ ھم یوقنون آخر جملہ کی ترکیب پہلے کیجئے اس کا عطف بھی جملہ یومنون بالغیب پر ہے) واؤ عاطفہ ب جار ہے الاخرۃ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق یوقنون کے ہے ھم مبتدا ہے یوقنون فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا (ھم) کی ہے مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف بر یومنون بالغیب ہے معطوف علیہ اپنے تین معطوفوں سے ملکر صلہ اپنے موصول الذین کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ الذین موصول ہے یومنون فعل با فاعل ہے ب جار ما موصولہ ہے اُنزِلَ فعل مجہول اس میں ضمیر راجع طرف ما کی وہ نائب فاعل ہے الیٰ جار ک مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر انزل فعل کے متعلق ہے فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر معطوف علیہ ہے

اور عاطفہ ما موصولہ اُنزل فعل مجہول ہے اسمیں ضمیر وہ نائب فاعل ہے من جار قبل مضاف ہے ک مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے ملکر فعل مجہول کے متعلق ہے فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے ملکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق فعل یؤمنون کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر معطوف بر الذین یومنون بالغیب ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر صفت اپنے موصوف (المتقین) کی ہے موصوف اپنی صفت سے ملکر متعلق ھدًی کے ہے۔

نوٹ۔ یاد رہے کہ ھدی للمتقین کی یہ ترکیبیں ہو سکتی ہیں۔

(۱) ذلک مبتدا ہے الکتٰب خبر اول ہے جملہ لا ریب فیہ خبر ثانی ہے اور جملہ ھدی للمتقین خبر ثالث ہے یا ذلک الکتٰب خبر مبتدا محذوف کی ہے جو ھذا ہے۔ نیز ھدی للمتقین فیہ کی ضمیر سے حال بن سکتا ہے

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

یہ لوگ ہیں ٹھیک راہ پر اپنے پروردگار کی طرف سے اور یہی لوگ ہیں پورے کامیاب

اُولٰئک مبتدا ہے علٰی جار ہے ھدی موصوف ہے من جار لفظ رب مضاف ہے ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق کائن محذوف کے ہے کائن اپنے متعلق سے مل کر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے ملکر مجرور اپنے جار

کا ہے۔ جار اپنے مجرور سے ملکر ثابتون محذوف کے متعلق ہوکر خبر مبتدا اولئك
کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ
ہے اولئك مبتدا اول ہے هم مبتدا ثانی ہے المفلحون خبر ہے۔ مبتدا
ثانی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اول کی ہے مبتدا اول خبر سے
مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے۔

نوٹ۔ نیز جائز ہے کہ اولئك مبتدا بنائیں اور هم ضمیر فصل کہدیں اس
وقت هم ضمیر کا محل اعراب نہیں ہوگا اور المفلحون خبر اولئك کی ہوگی

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ ءَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ
تحقیق جو لوگ کافر ہوئے برابر ہے اوپر ان کے کیا ڈرایا تو نے یا نہ ڈرایا تو نے انکو نہیں ایمان لاویں گے

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہے الذین موصول ہے کفروا فعل بافاعل ہے فعل اپنے
فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر اسم ان
کا ہے سواءٌ مصدر بمعنی اسم فاعل (مستو) کے ہے علی جار هم مجرور ہے جار
اپنے مجرور سے ملکر سواء کے متعلق ہے ء استفہام کا ہے انذرت فعل با فاعل
ہے هم اس کا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ
ہوکر بتاویل مصدر ہوکر معطوف علیہ ہے ام عاطفہ ہے لم تنذر فعل بافاعل ہے
هم مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ بتاویل مصدر
ہوکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر فاعل سواء مصدر کا ہے سواء
اپنے مصدر فاعل سے ملکر ان کی خبر اول ہے لا یومنون فعل بافاعل ہے
فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر دوسری خبر انّ کی ہے۔

(ترکیب دیگر) ءَ اَنذرتھم ام لم تنذرھم بتاویل مصدر ہو کر مبتدا موخر ہے اور سواء علیھم خبر مقدم ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہو کر خبر اول ان کی ہے۔

خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ وَعَلٰی اَبْصَارِھِمْ غِشَاوَۃٌ
مہر کی اللہ نے اوپر دلوں ان کے کے اور اوپر کانوں انکے کے اور اوپر آنکھوں انکی کے پردہ ہے

ختم فعل اور لفظ اللہ اس کا فاعل ہے علی جار ہے قلوب مضاف ہے اور ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے علی جار ہے سمع مضاف ہے ھم مضاف الیہ ہے۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے ملکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر فعل کے متعلق ہے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر ثالث ان کی ہے واو عاطفہ علی جار ہے ابصار مضاف ہے ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابتۃ کے ہے ثابتۃ اپنے متعلق کے ساتھ مل کر خبر مقدم ہے غشاوۃ مبتدا موخر ہے مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر انّ کی خبر رابع ہے۔

وَلَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۝
اور واسطے ان کے عذاب ہے بڑا

واو عاطفہ ہے لِ جار ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق ثابت کے ہے ثابت اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم ہے عذاب موصوف ہے عظیم صفت ہے موصوف اپنی صفت سے ملکر مبتدا موخر ہے مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ

جزیہ ہو کر اِنّ کی خبر خامس ہے ان حرف مشبہ بالفعل اپنے اسم اور جملہ اخبار سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُولُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ
اور بعضے لوگوں میں سے وہ ہیں جو کہتے ہیں ایمان لائے ہم ساتھ اللہ کے اور ساتھ دن پچھلے کے اور نہیں وہ ایمان لینوالے

واو عاطفہ ہے من جار ہے الناس مجرور ہے جار اپنے مجرو سے ملکر ثابت کے متعلق ہے۔ ثابت اپنے متعلق سے ملکر خبر مقدم ہے من موصولہ ہے یقول فعل اس میں ضمیر ھو راجع بمن ہے وہ ذو الحال ہے وما ھم بمومنین حال ہے ذو الحال اپنے حال سے ملکر فاعل فعل کا ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ہے اٰمنا فعل با فاعل ہے ب جار ہے لفظ اللہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے ب جار الیوم موصوف ہے الاٰخر صفت ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر اٰمنا فعل کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مقولہ اپنے قول کا ہے

قول اپنے مقولہ سے مل کر

صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا موخر ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے (جملہ وما ھم بمومنین جو یقول کی ضمیر کا حال تھا اس کی ترکیب یوں ہے) واو حالیہ ہے ما مشابہ بلیس ہے ھم اس کا اسم ہے ب زائدہ ہے مومنین اس کی خبر ہے

ما اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال اپنے ذوالحال مفعول کی ضمیرھا کا ہے

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْاۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ
فریب دیتے ہیں اللہ کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نہیں فریب دیتے مگر جانوں اپنی کو اور نہیں سمجھتے

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًاۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا
بیچ دلوں انکے کے بیماری ہے پس بڑھائی ان کی اللہ نے بیماری اور واسطے انکے عذاب ہے درد دینے والا بسبب

كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ
اس کے کرتے جھوٹ بولتے

یخدعون فعل بافاعل ہے لفظ اللہ معطوف علیہ اور عاطفہ الذین موصولہ امنوا فعل بافاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر معطوف ہے۔ معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول یخدعون کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ما نافیہ ہے یخدعون فعل بافاعل ہے الا حرف استثنا کا ہے انفس مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول یخدعون کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے واو عاطفہ ما نافیہ یشعرون فعل بافاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف یخدعون کا ہے نیز وما یخدعون الا انفسھم کا جملہ یخدعون کی ضمیر فاعل سے حال بن سکتا ہے اور وما یشعرون کا جملہ یخدعون کی ضمیر سے حال بن سکتا ہے۔

فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ
بیچ دلوں ان کے بیماری ہے پس بڑھائی ان کی اللہ نے بیماری اور واسطے ان کے عذاب ہے درد دینے والا
بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ
بسبب اس کے کہ تھے جھوٹ بولتے

فی جار قلوب مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابت محذوف کے ہے ثابت اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم ہے مرض مبتدا موخر ہے مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے ف عاطفہ زاد فعل ھم مفعول اول لفظ اللہ فاعل مرضا مفعول ثانی ہے فعل اپنے فاعل اور مفعولین سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے۔ نیز جملہ انشائیہ دعائیہ بھی ہو سکتا ہے واو عاطفہ ل جار ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر ثابت محذوف کے متعلق ہے ثابت اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم ہے عذاب موصوف الیم صفت ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا موخر ہے مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے اور بما کانوا یکذبون یا تو اسی ثابت محذوف کے متعلق ہے جس کے متعلق ولھم ہے یا عذاب کے متعلق بھی ہو سکتا ہے اس کی ترکیب یہ ہے۔

ب سببیہ جار ما مصدریہ کان فعل ناقص ضمیر ھم اس کا اسم ہے یکذبون فعل بافاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر کان کی خبر ہے کان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر اور بتاویل مصدر ہو کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابت محذوف یا عذاب مذکور کے ہے۔

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ قَالُوا إِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُونَ

اور جب کہا جاتا ہے واسطے انکے مت فساد کرو بیچ زمین کے تو کہتے ہیں سوائے اسکے نہیں کہ ہم سنوارتے ہیں

أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُونَ وَلَٰكِن لَّا يَشْعُرُونَ

خبردار ہو تحقیق وہی ہیں فساد کرنیوالے اور لیکن نہیں سمجھتے

واو عاطفہ اذا شرطیہ قیل فعل مجہول لِ جار ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق قیل کے ہے لاتفسدوا فعل با فاعل ہے فی جار ہے الارض مجرور کہئے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق لاتفسدو کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر مقولہ نائب فاعل قیل کا ہے قیل فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط ہے قالوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول ہے انما کلمہ حصر ہے نحن مبتدا مصلحون خبر ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ اپنے قول کا ہے قول اپنے مقولہ سے مل کر جزا اپنی شرط کی ہے شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے۔

الا حرف تنبیہ ہے انّ حرف مشبہ بالفعل اور ھم اس کا اسم ہے اور ھم دوسرا ضمیر فصل ہے المفسدون خبر انّ ہے انّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے نیز ھم دوسرا پہلے ھم کی تاکید بھی ہو سکتا ہے واو عاطفہ لکن حرف استدراک ہے لایشعرون فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ آمِنُوا كَمَا آمَنَ النَّاسُ قَالُوا أَنُؤْمِنُ كَمَا

اور جب کہا جاتا ہے واسطے ان کے کہ ایمان لاؤ جیسا کہ ایمان لائے ہیں لوگ کہتے ہیں کیا ایمان لاویں ہم جیسا

آمَنَ السُّفَهَاءُ ۗ أَلَا إِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ ۝

ایمان لائے ہیں بے وقوف. خبردار ہو تحقیق وہی ہیں بے وقوف　ولیکن نہیں جانتے

واو عاطفہ اذا شرطیہ قیل فعل مجہول ل جار ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق قیل کے ہے امنوا فعل با فاعل ہے ک تشبیہ جار اور ما مصدریہ ہے امن فعل الناس فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر امنوا کے متعلق ہے امنوا فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر قیل کا مقولہ نائب فاعل ہے قیل فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہے قالوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ہے ھمزہ استفہام کا ہے نومن فعل با فاعل ہے ک تشبیہ جار ہے ما مصدریہ ہے امن فعل السفہاء فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر ہو کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق نومن فعل کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر مقولہ اپنے قول کا ہے قول اپنے مقولہ سے ملکر جزا اپنی شرط کی ہے شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ فعلیہ شرطیہ ہو کر معطوف ہے الا حرف تنبیہ ہے ان حرف مشبہ بالفعل ہے ھم اس کا اسم ہے دوسرا ہم ضمیر فصل ہے السفہاء ان کی خبر ہے ان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے

(نیز ھم دوسرا تاکید ہم اول کی بھی ہو سکتا ہے) واو عاطفہ لکن حرف استدراک ہے لا یعلمون فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے۔

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا ۚ وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ

اور جب ملتے ہیں ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں تو کہتے ہیں کہ ایمان لائے ہم اور جب اکیلے ہوتے ہیں طرف سرداروں اپنے کی

قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ

کہتے ہیں تحقیق ہم ساتھ تمہارے ہیں سوائے اس کے نہیں کہ ہم ٹھٹھا کرتے ہیں

واو عاطفہ اذا شرطیہ لقوا فعل با فاعل ہے الذین موصولہ ہے امنوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط ہے قالوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول ہے امنا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مقولہ اپنے قول کا ہے قول اپنے مقولہ سے ملکر جزا اپنی شرط کی ہے شرط اپنی جزا سے ملکر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے واو عاطفہ اذا شرطیہ ہے خلوا فعل با فاعل ہے الی جار ہے شیٰطین مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق فعل (خلوا) کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط ہے قالوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول ہے انّ حرف مشبہ بالفعل ہے نا اس کا اسم ہے مع مضاف کم مضاف الیہ ہے

مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر ثابتون کے متعلق ہے ثابتون اپنے متعلق سے مل کر خبر انّ کی ہے اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ اپنے قول کا ہے قول اپنے مقولہ سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا اپنی شرط کی ہے شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے۔ انما کلمہ حصر ہے نحن مبتدا ہے مستھزؤن اس کی خبر ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

اللہ ٹھٹھا کرتا ہے ان سے اور کھینچتا ہے ان کو بیچ سرکشی ان کی کے بہکتے ہیں۔

لفظ اللہ مبتدا ہے یستھزئ فعل با فاعل ہے ب۔ جار ہے ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق فعل (یستھزئ) کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ یمدھم فعل با فاعل ہے ھم ذوالحال ہے فی جار ہے طغیان مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے ملکر متعلق فعل یمد کے ہے یعمھون فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر ھم کا حال ہے ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول یمد فعل کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر مبتدا کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہے۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ
یہی لوگ ہیں جنھوں نے مول لی گمراہی بدلے ہدایت کے پس نہ فائدہ پایا سوداگری ان کی نے
وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ
اور نہ ہوئے راہ پانے والے

اولئک اسم اشارہ مبتدا ہے الذین موصولہ ہے اشتروا فعل با فاعل ہے الضللۃ مفعول بہ ہے ب جار ہے الھدی مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق فعل کے ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے ف عاطفہ ما نافیہ ہے ربحت فعل تجارت مضاف اور ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل اپنے فعل کا ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے واو عاطفہ ما نافیہ ہے کان فعل ناقصہ ہے اور ھم اس کا اسم ہے مھتدین کان کی خبر ہے کان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے معطوف علیہ دونوں معطوفوں سے ملکر صلہ اپنے موصول (الذین) کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر مبتدا کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہے۔

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا
مثال انکی جیسے مثال اس شخص کی ہے جو جلاوے آگ ۔ پس جب روشن کیا ۔ جو کچھ
حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ
اردگرد اس کے تھا لے گیا اللہ روشنی ان کی اور چھوڑ دیا ان کو بیچ اندھیروں کے نہیں دیکھتے

مثل مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مبتدا ہے ک تشبیہ مضاف ہے مثل مضاف الیہ ہو کر مضاف ہے الذی موصولہ ہے

استوقد فعل با فاعل ہے نارا اس کا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے ف عاطفہ لما شرطیہ ہے اضاءت فعل با فاعل ہے ما موصولہ ہے حول مضاف کا مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ثبت محذوف کے متعلق ہے ثبت فعل اور ہو اس میں ضمیر راجع طرف ما کی وہ اس کا فاعل ہے فعل اپنے فاعل و متعلق (ظرف) سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہوا موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول فعل کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط ہے ذھب فعل ہے اللہ فاعل ہے ب جار تعدیہ کی ہے نور مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق فعل کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ ہوکر معطوف علیہ ہے وا و عاطفہ ترک فعل با فاعل ہے ھم ذوالحال ہے فی جار ہے ظلمات مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ترک فعل کے ہے لا یبصرون فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر حال اپنے ذوالحال (ھم) کا ہے ذوالحال اپنے حال سے ملکر مفعول اپنے فعل (ترک) کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جزا اپنی شرط کی ہے شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صلہ اپنے موصول (الذی) کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر مضاف الیہ اپنے مضاف (مثل) کا ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر پھر مضاف الیہ ہوا

اپنے مضاف (ل) کا ہے مضاف ساتھ مضاف الیہ کے مل کر معطوف علیہ ہے معطوف جملہ اوکصیب آگے آرہا ہے

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝
بہرے ہیں گونگے ہیں اندھے ہیں پس وہ نہیں پھر آتے۔

صم خبر مبتدا محذوف ھم کی ہے بکم دوسری خبر ہے عمی تیسری خبر ہے مبتدا محذوف (ہم) بین اخبار مذکورات سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے ف عاطفہ ھم مبتدا ہے لا یرجعون فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوگیا۔

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّ رَعْدٌ وَّ بَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ
یا مانند مینہ کی آسمان سے بیچ اسکے اندھیرے ہیں اور گرج ہے اور بجلی۔ کرتے ہیں
اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ؕ
انگلیاں اپنی بیچ کانوں اپنے کے کڑک سے ڈر موت کے سے
وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ
اور اللہ گھیرنے والے ہیں کافروں کو

او عاطفہ ہے ک مثلیہ مضاف ہے صیب مضاف الیہ ہے من جار ہے السماء مجرور ہے جار ساتھ اپنے مجرور کے مل کر متعلق صیب کے ہے صیب اپنے متعلق سے ملکر موصوف ہے فی جار ہے اور ہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر ثابتۃ کے متعلق ہوکر خبر مقدم ہے۔ ظلمت معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے رعد معطوف ہے واو عاطفہ ہے برق معطوف ہے معطوف علیہ اپنے

دونوں معطوفوں سے مل کر مبتدا موخر ہے مبتدا موخر اپنی خبر مقدم سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ اپنے مضاف کا ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر مبتدا (مثلهم) کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہے۔

يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ

کرتے ہیں انگلیاں اپنی بیچ کانوں اپنے کے کڑک سے ڈر موت

الْمَوْتِ ؕ وَاللّٰهُ مُحِیْطٌۢ بِالْكٰفِرِیْنَ

کے سے اور اللہ گھیرنے والا ہے کافروں کو!

یجعلون فعل با فاعل ہے اصابع مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ فعل (یجعلون) کا ہے فی جار ہے اذان مضاف ہے ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اپنے فعل کے ہے من جار ہے الصواعق مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اپنے فعل (یجعلون) کے ہے حذر مضاف ہے الموت مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول لہ اپنے فعل (یجعلون) کا ہے فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے۔

واو عاطفہ ہے لفظ اللہ مبتدا ہے محیط صیغہ اسم فاعل کا ہے ب جار الکفرین مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر محیط کے متعلق ہے محیط اپنے

متعلق سے مل کر خبر مبتدا کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے۔

يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ؕ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا
نزدیک ہے کہ بجلی اچک لیجاوے آنکھیں ان کی جب روشنی دیتی ہے انکو چلتے ہیں بیچ اسکے
فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ
اور جب اندھیرا کرتی ہے اوپر انکے کھڑے ہورہتے ہیں اور اگر چاہے اللہ لے جاوے
بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ
کان ان کے اور آنکھیں ان کی تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہے۔

یکاد فعل مقاربہ ہے البرق اس کا اسم ہے یخطف فعل با فاعل ہو الصار مضاف ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مفعول اپنے فعل (یخطف) کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر اپنے فعل (یکاد) کی ہے فعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہے کلما کل مضاف ہے ما موصوفہ ہے اضاء فعل با فاعل ہے ل جار ہے ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر اپنے فعل کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ اپنے مضاف کا ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ (مقدم) مشوا فعل کا ہے مشوا فعل با فاعل ہے فی جار ہے ہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اپنے فعل (مشوا) کا ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق اور مفعول فیہ سے مل کر معطوف علیہ

ہے واؤ عاطفہ ہے اذا ظرف مضاف ہے اظلم فعل با فاعل (برق) ہے علیٰ جار ہے
ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر فعل (اظلم) کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل
اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر مضاف الیہ اپنے مضاف کا ہے۔ مضاف
اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول فیہ مقدم اپنے فعل قاموا مؤخر کا ہے قاموا
فعل با فاعل ہے قاموا اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر
معطوف ہے۔ واؤ عاطفہ ہے لو شرطیہ ہے شاء فعل ہے لفظ اللہ اسکا
فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہے لَ تاکید کا
ہے ذھب فعل با فاعل ہے ب جار تعدیہ کی ہے سمع مضاف ہے
ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ ہے
واؤ عاطفہ ہے ابصار مضاف ہے ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف
الیہ سے مل کر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور اپنے
جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر اپنے فعل سے متعلق ہے فعل اپنے فاعل
اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا اپنی شرط کی ہے شرط اپنی جزا
سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہے۔ إنّ حرف مشبہ بالفعل ہے لفظ اللہ اس کا
اسم ہے علیٰ جار ہے کل مضاف ہے شیء مضاف الیہ ہے مضاف
اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر
قدیر کے متعلق ہے قدیر اپنے متعلق سے مل کر إنّ کی خبر ہے
إنّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہے۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ

اے لوگو عبادت کرو پروردگار اپنے کی جس نے پیدا کیا تم کو

وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ

اور ان کو جو پہلے تم سے تھے تو کہ تم بچو جس نے کیا واسطے تمہارے

الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً

زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت اور اتارا آسمان سے پانی

فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَكُمْ

پس نکالا ساتھ اسکے پھلوں سے رزق واسطے تمہارے

یا حرف ندا کا ہے یہ ادعو کے قائم مقام ہے ادعو فعل با فاعل ہے اَیّ موصوف ہے ھا تنبیہ کا ہے النَّاسُ اپنے موصوف (اَیّ) کی صفت ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول اُدْعُوْا کا ہے ادعوا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ندا ہے۔ اعبدوا فعل با فاعل ہے رب مضاف ہے۔ کم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف ہے۔ الذی موصول ہے۔ خلق فعل با فاعل ہے کم معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے الذین موصول ہے من جار ہے قبل مضاف ہے کم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر[1] ثبتوا فعل محذوف کے متعلق ہے فعل (ثبتوا) اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر معطوف اپنے معطوف علیہ (کم) کا ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے ملکر مفعول اپنے فعل (خلق) کا ہے

[1] مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر

فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر مبدل منہ ہے یعنی الذی اول اپنے صلہ سے مل کر مبدل منہ ہے (لعل حرف ترجی ہے کم اس کا اسم ہے تتقون فعل با فاعل جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر لعلّ کی ہے لعل اپنے اسم اور خبر سے ملکر جملہ اسمیہ انشائیہ ہے) الذی موصول ہے جعل فعل با فاعل ہے ل جار ہے کم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر فعل کے متعلق ہے الارض معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے السماء معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول اول جعل کا ہے فراشا معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے بناء معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول ثانی ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے انزل فعل با فاعل ہے من جار ہے السماء مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر فعل کے متعلق ہے ماءً مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے ف عاطفہ ہے اخرج فعل با فاعل ہے ب جار ہے ہٖ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر اخرج کے متعلق ہے من جار ہے الثمرات مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر کائنًا کے متعلق ہو کر حال مقدم ہے رزقا مفعول بہ اخرج کا ہے ل جار ہے کم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر رزقًا کے متعلق ہے رزقًا اپنے متعلق سے مل کر ذوالحال ہے ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول بہ اخرج کا ہے۔ یہ

یہ بھی ہوسکتا ہے کہ من الثمرات کا من تبعیضیہ ہو اور من الثمرات محلاً
مفعول بہ اخرج کا ہو اور ذوالحال ہو رزقا لکم اس کا حال ہو نیز رزقا لکم
مفعول لہ بھی اخرج کا من تبعیضیہ کی صورت میں ہوسکتا ہے ترکیب
پہلی کی صورت میں من بیانیہ ہے اخرج فعل اپنے فاعل اور متعلق اور
مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے معطوف علیہ (جعل)
اپنے دونوں معطوفوں سے ملکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے
مل کر بدل اپنے مبدل منہ (الذی) اول کا ہے مبدل منہ اپنے بدل سے
ملکر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول فعل
(اعبدوا) کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر
مقصود بالنداء ہے نداء اپنے مقصود بالنداء سے مل کر جملہ فعلیہ ندائیہ ہے

فَلَا تَجْعَلُوا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ

پس مت مقرر کرو واسطے اللہ کے شریک اور تم تو جانتے بوجھتے ہو

ف سببیہ ہے لاتجعلوا فعل ہے اسکی ضمیر فاعل ذوالحال ہے ل جار ہے لفظ اللہ
مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر ت بنہ کے متعلق ہوکر مفعول ثانی ہے
انداداً مفعول اول ہے واو حالیہ ہے انتم مبتدا ہے تعلمون فعل
بافاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر اپنے مبتدا کی ہے
مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر لاتجعلوا کی ضمیر فاعل (انتم)
کا حال ہے لاتجعلوا فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر
جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔

وَإِن كُنتُمْ فِي رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ
اور اگر ہو تم بیچ شک کے اس چیز سے کہ اتاری ہے ہم نے اوپر بندے اپنے کے پس لاؤ ایک سورۃ
مِّن مِّثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ
مانند اس کی اور پکارو شاہدوں اپنوں کو سوائے اللہ کے
إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ
اگر ہو تم سچے

واؤ عاطفہ ہے إن شرطیہ ہے کان فعل ناقصہ ہے کنتم اس کا اسم ہے فی جار ہے ریب موصوف ہے من جار ہے ما موصولہ ہے نزلنا فعل با فاعل ہے علی جار ہے عبد مضاف ہے نا مضاف الیہ ہے۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر فعل (نزلنا) کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار مجرور سے مل کر نائبۃ کے متعلق ہے نائبۃ اپنے متعلق سے ملکر صفت اپنے موصوف ریب کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابتین محذوف کے ثابتین اپنے متعلق سے ملکر خبر کان کی ہے کان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط ہے ف جزائیہ ہے ائتوا فعل با فاعل ہے ب جار ہے سورۃ موصوف ہے من جار ہے مثل مضاف ہے ہٖ مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر

کائنۃ محذوف کے متعلق ہے کائنۃ اپنے متعلق سے مل کر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق فعل فاتقوا کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے ادعوا فعل با فاعل ہے شہداء مضاف ہے کم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر موصوف ہے من جار ہے دون مضاف ہے لفظ اللہ مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق کائنۃ محذوف کے ہے۔ کائنۃ اپنے متعلق سے مل کر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ادعوا کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جزا اپنی شرط کی ہے شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہوکر معطوف ہے ان شرطیہ ہے کان فعل ناقصہ ہے انتم اس کا اسم ہے صادقین اس کی خبر ہے فعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط ہے جزا اس کی فافعلوا محذوف ہے شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ فعلیہ شرطیہ ہے

فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُھَا

پس اگر نہ کرو تم اور ہرگز نہ کرو گے تم پس ڈرو اس آگ سے جو ایندھن اسکا

النَّاسُ وَالْحِجَارَۃُ ج اُعِدَّتْ لِلْکٰفِرِیْنَ ۝

آدمی ہیں اور پتھر تیار کی گئی ہے واسطے کافروں کے۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ

اور خوشخبری دے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور کام کئے اچھے یہ کہ انکے لئے بہشتیں ہیں

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

چلتی ہیں نیچے ان کے سے نہریں

ف عاطفہ ہے ان شرطیہ ہے لم تفعلوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر شرط ہے (ولن تفعلوا) جملہ معترضہ ہے اسکی ترکیب اخیر میں ہے) ف جزائیہ ہے اتقوا فعل با فاعل ہے النار موصوف ہے التی موصول ہے وقود مضاف ہے ھا مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا ہے الناس معطوف علیہ ہے واؤ عاطفہ ہے الحجارۃ معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر اپنے مبتدا کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے۔ موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر ذوالحال ہے اعدت فعل مجہول ہے اس میں ضمیر راجع طرف النار کی ہے۔ وہ اس کا نائب فاعل ہے ل جار ہے الکافرین مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق فعل (اعدت) کے ہے فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال اپنے ذوالحال (النار) کا ہے ذوالحال اپنے حال سے مل کر مفعول اپنے فعل (فاتقوا) کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے بشر فعل با فاعل ہے الذین موصول ہے اٰمنوا فعل با فاعل جملہ ہو کر معطوف علیہ ہے واو

واو عاطفہ ہے عملوا فعل با فاعل ہے الصالحات مفعول بہ ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعول اپنے فعل کا ہے انّ حرف مشبہ بالفعل ہے ل جار ہے ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابتات کے ہے ثابتات اپنے متعلق سے مل کر خبر مقدم انّ کی ہے جنّٰت موصوف ہے تجری فعل ہے من جار ہے تحت مضاف ھا مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اپنے فعل (تجری) کے ہے الانہٰر فاعل ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت اول اپنے موصوف (جنّٰت) کی ہے اور معطوف علیہ ہے صفت ثانی آگے آ رہی ہے۔

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ

جب دئے جاویں گے اس سے میووں سے رزق کہیں گے یہ وہ چیز ہے

رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِیْهَاۤ

جو دئے گئے تھے ہم پہلے اس سے اور لائے جاویں گے مشابہ ایک دوسرے کیا اور واسطے ان کے

اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ۝

بیچ ان کے بیبیاں ہیں ستھری اور وہ بیچ ان کے ہمیشہ رہنے والے

کلّ مضاف ہے ما موصوفہ ہے رزقوا فعل مجہول ہے اور واو ضمیر نائب فاعل ہے من جار ہے ھا مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر رزقوا کے

متعلق ہے من جار ہے ثمرۃ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر کائنا محذوف کے متعلق ہوکر رزقا کا حال مقدم ہے ذوالحال (رزقا) موخر اپنے حال مقدم سے مل کر رزقوا کا مفعول مطلق ہے فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صفت اپنے موصوف (ما) کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر مضاف الیہ اپنے مضاف کا ہے۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر قالوا کا مفعول فیہ مقدم ہے قالوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول فیہ مقدم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر قول ہے ھذا مبتدا ہے الذی موصول ہے رزقنا فعل مجہول ہے نا اس کا نائب فاعل ہے من جار ہے قبل مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر فعل (رزقنا) کے متعلق ہے فعل مجہول اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے ملکر خبر مبتدا کی ہے مبتدا اپنی خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر مقولہ اپنے قول کا ہے قول اپنے مقولہ سے ملکر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے اُتوا فعل مجہول ہے واو اس کا نائب فاعل ہے ب جار ہے ہٖ ذوالحال ہے متشابھا حال ہے حال اپنے ذوالحال سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر فعل (اُتوا) کے متعلق ہے اُتوا فعل اپنے نائب فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صفت ثانی اپنے موصوف (جنات) کی ہے واؤ عاطفہ ہے ل جار ہے ھم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثابتۃ محذوف کے ہے فی جار ہے ھا مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر ثابتۃ کے ہی متعلق ہے

ثابتۃ دونوں متعلقوں سے مل کر خبر مقدم ہے ازواج موصوف ہے مطہرۃ اس کی صفت ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر معطوف ہے واو عاطفہ ہے ھم مبتدا ہے خالدون صیغہ اسم فاعل کا ہے فی جار ہے ھا مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر خالدون کے متعلق ہے خالدون اپنے متعلق سے مل کر خبر اپنے مبتدا کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے معطوف علیہ (تجری) اپنے معطوفات سے مل کر صفت اپنے موصوف (جنات) کی ہے جنات اپنی تمام صفات سے مل کر اسم اَنَّ کا ہے اَنَّ اپنے اسم موخر اور خبر مقدم سے مل کر مفعول ثانی اپنے فعل (بشر) کا ہے بشر فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف ہے نیز جملہ واتوا بہ متشابھا جملہ معترضہ ہو سکتا ہے

(ولن تفعلوا جملہ معترضہ کی ترکیب۔

لن تفعلوا فعل با فاعل ہے کذلک محذوف مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ معترضہ ہوا)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا
تحقیق اللہ نہیں شرماتا یہ کہ بیان کرے مثال کوئی سی مچھر کی پھر جو
فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ
اوپر اس کے ہے پس جو لوگ کہ ایمان لائے پس جانتے ہیں کہ وہ سچ ہے
مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ
پروردگار ان کے کی طرف سے اور جو لوگ کہ کافر ہوئے پس کہتے ہیں کیا

أَرَادَ اللهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيرًا وَّ يَهْدِيْ بِهٖ

چاہا ہے اللہ نے ساتھ اس کے مثال لانا گمراہ کرتا ہے ساتھ اسکے بہتوں کو اور راہ دکھاتا ہی ساتھ اسکے

كَثِيرًا ۭ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ

بہتوں کو اور نہیں گمراہ کرتا ساتھ اسکے مگر فاسقوں کو جو لوگ کہ توڑتے ہیں

عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ

قول اللہ کا پیچھے مضبوطی اس کی کے اور کاٹتے ہیں جو حکم کیا

اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۭ

اللہ نے ساتھ اس کے یہ کہ ملایا جاوے اور بگاڑ کرتے ہیں بیچ زمین کے

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ؁

یہ لوگ وہی ہیں ٹوٹا پانے والے

اِنَّ حرف مشبہ بالفعل ہے لفظ اللہ اس کا اسم ہے لا یستحی فعل بافاعل ہے اَنْ مصدریہ ہے یضرب فعل بافاعل ہے مثلاً موصوف ہے ما بمعنی ای مثل کان اس کی صفت ہے موصوف اپنی صفت سے ملکر مفعول اول ہے بعوضۃ معطوف علیہ ہے ف عاطفہ ہے ما موصولہ ہے فوق مضاف ہے ھا مضاف الیہ ہے۔ مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر متعلق ثبت محذوف کے ہوا ثبت فعل ہے ھو اس میں ضمیر راجع طرف ما کی ہے وہ اس کا فاعل ہے۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر معطوف ہے معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعول ثانی فعل اپنے (یضرب) کا ہے فعل اپنے فاعل

اور دونوں مفعولوں سے مل کر بتاویل مصدر ہو کر مفعول اپنے فعل (لا یستحی) کا ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر اِنَّ کی خبر ہے اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے۔

نیز جائز ہے کہ مثلاً مفعول ثانی ہو اور بعوضۃ فما فوقھا مفعول اول ہو اور اس صورت میں ما زائدہ ہو گا۔

نیز جائز ہے کہ بعوضۃ فما فوقہا ذوالحال ہو اور مثلاً اس کا حال ہو لیکن اس تقدیر پر یضرب بہ معنی بیین ہو گا۔

ف عاطفہ ہے اما شرطیہ تفصیلیہ ہے الذین موصولہ ہے آمنوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا متضمن بمعنی شرط ہے ف جزائیہ ہے یعلمون فعل با فاعل ہے چاہنے والا دو مفعولوں کا ہے انّ حرف مشبہ بالفعل ہ اسکا اسم ہے الحق موصوف ہے من جار ہے لفظ رب مضاف ہے ھم مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر جار اپنے مجرور کا ہے جار اپنے مجرور سے ملکر الکائن محذوف کے متعلق ہے الکائن اپنے متعلق سے ملکر صفت اپنے موصوف کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر انّ کی ہے انّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر بتاویل مصدر ہو کر قائم مقام دو مفعولوں یعلمون کے ہے یعلمون اپنے فاعل اور دونو مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا کی ہے۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے۔

واوٌ عاطفہ ہے اما شرطیہ تفصیلیہ ہے الذین موصولہ ہے کفروا فعل با فاعل ہے

فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا متضمن بمعنی شرط ہے ف جزائیہ ہے یقولون فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ہے ما بمعنی ای شئی مبتدا ہے ذا بمعنی الذی موصول ہے اراد فعل اور لفظ اللہ اس کا فاعل ہے ب جار ہے ھذا ذوالحال ہے مثلا اس کا حال ہے ذوالحال اپنے حال سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق اپنے فعل (اراد) کا ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر اپنے مبتدا (ما) کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ انشائیہ ہو کر مقولہ اپنے قول کا ہے قول اپنے مقولہ سے مل کر خبر اپنے مبتدا کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے یضل فعل با فاعل ہے ب جار ہے ہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر یضل کے متعلق ہے کثیرا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے یھدی فعل با فاعل ہے ب جار ہے ہ مجرور ہے کثیرا اس کا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے واو عاطفہ ہے ما نافیہ ہے یضل فعل با فاعل ہے ب جار ہے ہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر اپنے فعل کے متعلق ہے إلا حرف استثنا ہے الفاسقین موصوف ہے الذین موصول ہے ینقضون فعل با فاعل ہے عھد مضاف ہے لفظ اللہ مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر اپنے فعل کا مفعول بہٖ ہے

من جار ہے بعد مضاف ہے میثاق مضاف الیہ ہو کر پھر مضاف ہے ہٗ مضاف الیہ ہے مضاف الیہ اپنے مضاف سے مل کر مضاف الیہ مضاف کا ہے مضاف الیہ اپنے مضاف سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر اپنے فعل (ینقضون) کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ ہے یقطعون فعل با فاعل ہے ما موصولہ ہے امر فعل لفظ اللہ فاعل ہے بٖ جار ہٖ مبدل منہ ہے ان مصدریہ یوصل فعل مجہول ھو اس میں ضمیر راجع طرف ما کی وہ اس کا نائب فاعل ہے فعل مجہول اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر بتاویل مصدر ہو کر بدل اشتمال ہے مبدل منہ اپنے بدل سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق امر فعل کے ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ اپنے موصول کا ہے موصول اپنے صلہ سے مل کر یقطعون کا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے٭ معطوف علیہ اپنے معطوفوں سے مل کر صلہ اپنے موصول کا ہو گیا موصول اپنے صلہ سے مل کر صفت الفاسقین کی ہے موصوف اپنی صفت سے مل کر یضل فعل کا مفعول ہو گیا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے اولئک مبتدا اور ھم مبتدا ثانی الخاسرون خبر ہے۔ مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر خبر مبتدا اول اولئک کی ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو گیا یا ھم ضمیر فصل ہے۔

٭ واؤ عاطفہ یفسدون فعل با فاعل فی جار الارض مجرور جار اپنے مجرور سے مل کر یفسدون کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ

کیونکر کفر کرتے ہو ساتھ اللہ کے اور تھے تم مردے پس جلایا تم کو پھر

يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

مردہ کردیگا تم کو پھر جلا دیگا تمکو پھر طرف اسی کی پھیرے جاؤ گے۔

کیف بمعنی علیٰ اسے حال ظرف تکفرون کی ہے تکفرون فعل بافاعل ب جار لفظ اللہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر تکفرون کے متعلق ہوگا واو بمعنی مع ہے کان فعل ناقصہ انتم اس کا اسم اور امواتا اس کی خبر ہوگی کان اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہوگا فا عاطفہ احیا فعل اور اس میں ضمیر راجع طرف لفظ اللہ کی ہے وہ اس کا فاعل ہے کم اس کا مفعول ہوگا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوگا ثم حرف عطف اور یمیت فعل با فاعل اور کم اس کا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوگا ثم حرف عطف اور یحیی فعل با فاعل اور کم اس کا مفعول ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہے ثم عاطفہ اور الیٰ جارہ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر ترجعون کے متعلق ہوگا ترجعون متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہوگا معطوف علیہ اپنے تمام معطوفات سے مل کر بتاویل مصدر (اے مع کونکم امواتا) ہو کر مفعول معہ تکفرون کا ہوگا فعل اپنے فاعل اور ظرف اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوگیا۔

بعض احباب کنتم امواتا کو حال تکفرون کی ضمیر کا بناتے ہیں مگر فیہ نظر کیونکہ حال اور عامل کا زمانہ ایک ہونا چاہیئے حالانکہ کفر اور کونھم امواتا کا زمانہ ایک نہیں

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَىٰ

وہی ہے جس نے پیدا کیا واسطے تمہارے جو کچھ بیچ زمین کے ہے سارا پھر قصد کیا

إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

طرف آسمان کی پس درست کیا انکو سات آسمان اور وہ سب چیز کو جاننے والا ہے

ھو ضمیر راجع طرف لفظ اللہ کی مبتدا ہے الذی موصول اور خلق فعل فاعل اور ل جار اور کم مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر فعل کے متعلق ہے ما موصولہ فی جار اور الارض مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر ثبت کے متعلق ہوگا ثبت فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ اپنے موصول کا ہوگیا موصول اپنے صلہ سے مل کر موکد اور جمیعًا تاکید ہے۔ نیز جمیعًا تا کا حال بھی ہوسکتا ہے موکد اپنی تاکید سے مل کر خلق کا مفعول ہو جائے گا فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہے ثم عاطفہ اور استوی فعل اور ھو اس میں ضمیر راجع طرف لفظ اللہ کی اس کا فاعل اور الی جار اور السماء مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر استوی فعل کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ ہوگا فا عاطفہ سوی فعل با فاعل اور ھن اس کا مفعول اول سبع مضاف سمٰوات مضاف الیہ

مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول ثانی ہوگا فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف ہوگا معطوف علیہ ثم استوی اپنے معطوف (فسوٰیھن الخ) سے مل کر معطوف ہوگا واو عاطفہ ھو مبتدا ب جار کل مضاف اور شئی مضاف الیہ ہوگا مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور اپنے جار کا ہے جار اپنے مجرور سے ملکر علیم کے متعلق ہے علیم اپنے متعلق سے مل کر خبر مبتدا کی ہوگی مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر معطوف ہوگا معطوف علیہ (خلق لکم) اپنے دونو معطوفوں سے مل کر صلہ اپنے موصول کا ہوگا موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر مبتدا کی ہے (ھو) ہے مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہے۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً

اور جب کہا پروردگار تیرے نے واسطے فرشتوں کے کہ تحقیق میں بنانیوالا ہوں بیچ زمین کے نائب

قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِیْهَا مَنْ یُّفْسِدُ فِیْهَا وَ یَسْفِكُ الدِّمَآءَ

کہا انہوں نے کیا بناتا ہے بیچ اسکے اس شخص کو فساد کرے بیچ اسکے اور ڈالے گا لہو

وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ قَالَ اِنِّیْٓ

اور ہم پاکی بیان کرتے ہیں ساتھ تعریف تیری کے اور پاکی بیان کرتے ہیں واسطے تیرے کہا تحقیق

اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

میں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے

واو عاطفہ اذ ظرف مضاف قال فعل لفظ رب مضاف ک مضاف الیہ

ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فعل کا فاعل ہے ل جار الملائکۃ مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر قال کے متعلق ہے فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ہے اِنّ حرف مشبہ بالفعل اور ی اسکا اسم جاعل صیغہ اسم فاعل کا فی جار اور الارض مجرور ہے جار اپنے مجرور سے مل کر جاعل کے متعلق ہے خلیفہ جاعل کا مفعول بہ ہے جاعل اپنے متعلق اور مفعول سے مل کر شبہ جملہ ہو کر اِنّ کی خبر ہو گی اِن اپنے اسم اور خبر سے مل کر مقولہ ہو گا قول اپنے مقولہ سے مل کر مضاف الیہ اذ کا ہے اذ مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعول بہ اذکر محذوف کا ہو گا اذکر فعل با فاعل اپنے مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہو کر معطوف ہو گا۔

قالوا فعل با فاعل ہے فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر قول ہو گا ا استفہام کا تجعل فعل انت ضمیر اس کی ذوالحال ہے فی جار ھا مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر فعل کے متعلق ہو گیا من موصولہ اور یفسد فعل با فاعل فی جار اور ھا مجرور ہے جار اپنے مجرور سے ملکر یفسد فعل کے متعلق ہو گیا فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ ہے واو عاطفہ یسفک فعل با فاعل اور الدماء اس کا مفعول بہ ہے فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ہو گا معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر صلہ اپنے موصول کا ہو گیا موصول اپنے صلہ سے ملکر مفعول تجعل کا ہو گیا واو حالیہ اور نحن مبتدا اور نسبح فعل با فاعل ب جار حمد مضاف اور ک مضاف الیہ ہے مضاف اپنے مضاف الیہ سے ملکر مجرور اپنے جار کا ہے

